© rasailojaraid.com



کے عالمی بھائی چارے، اور امن و انصاف کے قیام کی درخشندہ مثال قائم کی ہے۔ وہ بنیادی اصول یہ ہیں:

☆ تمام ممالک کے ساتھ امن وامان (Peace) قائم کرنا، خواہ کوئی دشمنی کی راہ پر کیوں نہ چل رہا ہو۔

☆ ہر ایک ملک سے اقتصادی تعاون (Cooperation) قائم کرنا

☆ اختلافات کے باوجود تمام ممالک کے ساتھ مسلسل روابط (Engagement) قائم رکھنا۔

بقیہ تبصرہ کتب (صفحہ ۶۴ سے) جس نے لادین صحافت کے سامنے بند باندھ لیا ہے اسی سلسلۃ الذھب کی ایک کڑی سہ ماہی الزیتون ہے جو کہ اعلیٰ علمی معیاری اصلاحی تحقیقی تاریخی اور ادبی مقالات پر مشتمل ہے اس میں پیر طریقت شیخ عبدالغفور وزیرستانی مدظلہ کے فرمودات وملفوظات کا مستقل سلسلہ بھی ہے جو کہ ذوق تصوف رکھنے والوں کیلئے ایک قیمتی ونادر سوغات ہے۔ انشاء اللہ اسی مجلہ کا صحافتی وعلمی حلقوں میں بھرپور خیر مقدم کیا جائیگا۔ رسالہ کے روح رواں دارالعلوم حقانیہ کے نوجوان فاضل مولانا سید حبیب اللہ حقانی مدرس جامعہ ابوہریرہ نوشہرہ ہیں۔ ان کی صلاحیتوں میں روز بروز ماشاء اللہ اضافہ ہو رہا ہے۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

---

کتاب: الھادی الی حل السراجی (اردو شرح سراجی) مؤلف : مولانا مفتی محمد سردار ولی صاحب

ضخامت: ۳۵۸ صفحات ۔ قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبۃ العلوم سلام مارکیٹ، بنوری ٹاؤن کراچی

علم مواریث اور علم الفرائض کی شرافت وفضیلت کیلئے یہی کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے احکام کو خود تفصیلی طور پر بیان کر کے نازل فرمائے ہیں اور حضور ﷺ نے اس کو نصف العلم قرار دیا ہے، صحابہ کرامؓ میں علم فرائض کے ماہر کچھ مخصوص افراد تھے، ائمہ اربعہ نے اس کے اصول وضوابط کو شرح وبسط کے ساتھ بیان فرمایا۔ علم الفرائض کی تصنیفات میں سراجی اپنی شہرت وافادیت میں محتاج تعارف نہیں، اسے ''الفرائض السراجیہ'' اور ''فرائض سجاوندی'' بھی کہا جاتا ہے، محقق مصنف کی ژوف نگاہی، تحقیق وجستجو اور ان کے معجز قلم نے اب تک زمانے کو اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز کر رکھا ہے۔ بڑے بڑے محقق علماء کرام نے اس کی شرح لکھ کر اس کی افادیت ونافعیت کو عام کیا ہے۔ ہمارے معزز ومکرم مولوی مفتی محمد سردار ولی سلمہ اللہ تعالیٰ نے بھی محققین ومصنفین کی اس فہرست میں اپنا نام شامل کر کے اس عظیم کتاب پر ''الھادی الی حل السراجی'' کے نام سے بہترین شرح لکھی ہے، عبارت پر اعراب، سلیس اور عام فہم ترجمہ مختصر مگر جامع تشریح، تشریفیہ، کتب فرائض وفتاویٰ سے استفادہ، ہر مسئلے کا حل، ذوی الفروض کے احوال کا وجہ حصر، اور تمام احوال کا آخر میں جدول، اور بہترین تمرینات، جیسی صفات سے مزین اردو شروحات میں سے ایک ہے۔ امید قوی ہے کہ معلمین و متعلمین کے لئے یکساں مفید ہوگی، اللہ تعالیٰ مؤلف موصوف کے علم وعمل اور قلم میں مزید ترقی عطا فرمائیے اور مکتبۃ العلوم بنوری ٹاؤن کراچی کی کوشش کو بھی قبول فرمائیں، جنہوں نے بہترین ٹائٹل اعلیٰ کاغذ کے ساتھ شائع کر کے تشنگان علوم دینیہ کو سامان علم مہیا کیا۔ امین

© rasailojaraid.com